نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے دھان کی منظور شدہ اقسام اور وقتِ کاشت بارے سفارشات جاری کر دیں

لاہور:31 مئی 2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق دھان کے کاشتکار فی ایکڑ زیادہ پیداوار حاصل کرنے کیلئے دھان کی محکمہ زراعت پنجاب کی منظور شدہ موٹی اقسام اری 6، کے ایس 282، کے ایس کے 133، نیاب اری 9، نیاب 2013، کے ایس کے 434، نبجی-5، نیاب ایس ٹی-9، نیاب آر سی-195 اور کے ایس کے 706 کی پنیری 7 جون تک کاشت کریں جبکہ نبجی جی ایس آر-6 نبجی جی ایس آر-7، نبجی جی ایس آر 8 اور ایس کے سی-بی-32-5-370 کا وقت کاشت 10 تا آخر جون ہے۔اس کے علاوہ باسمتی / فائن اقسام الخالد رائس کا وقت کاشت 25 مئی تا 10 جون ہے۔وائٹل سپر باسمتی، سونا سپر باسمتی، نیاب ایس-39 نیاب ایچ ٹی-18، گارڈ-101، پی کے 2021 ایرومیٹک، نیاب سپر، این بی آر 2، نبجی باسمتی 2020، سپر گولڈ، سپر باسمتی 2019، باسمتی 515، باسمتی سپر، چناب باسمتی، پنجاب باسمتی، پی کے 1121 ایرومیٹک، نیاب باسمتی 2016، نور باسمتی، پی کے 386 اور سلطان سپر باسمتی اور گارڈ 101 کا وقت کاشت 7 جون تا 25 جون ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ دھان کے کاشتکار شاہین باسمتی کی کاشت 15 تا 30 جون، کسان باسمتی 10 تا 30 جون جبکہ باسمتی ہائبرڈ اقسام کے ایس کے 111 ایچ کی کاشت 7 تا 25 جون مکمل کریں۔دھان کے کاشتکار غیر منظور شدہ اور ممنوعہ اقسام ہر گز کاشت نہ کریں کیونکہ ان کے چاول کا معیار ناقص ہوتا ہے۔ان اقسام کی ملاوٹ کی وجہ سے عالمی منڈی میں چاول کی کم قیمت وصول ہوتی ہے۔

☆☆☆☆